تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 28, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اسکولوں میں داخلے کی کاروائی شروع: پروسپیکٹس اپلوڈ کر دیا گیا، یکم فروری سے آن لائن درخواست دی جاسکتی ہے

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مختلف اسکولوں میں تعلیمی سال دو ہزار پچیس اور چھبیس کے لیے داخلہ پروسپکٹس کنٹرولر امتحانات ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ویب سائٹ

http://jmicoe.in.

پر دستیاب ہے۔ جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول، سید عابد حسین سینئر سیکنڈری اسکول (بشمول پرائمری سیکشن) (سیلف فینانس) جامعہ گرلس سینئر سیکنڈری اسکول (سیلف فینانس) اور مشیر فاطمہ نرسری اسکول میں داخلے کے لیے آن لائن درخواست فارم یکم فروری دو ہزار پچیس سے بھرے جاسکتے ہیں۔ آن لائن درخواست فارم اور پانچ سو روپے فیس جمع کرنے کی آخری تاریخ اکیس فروری دو ہزار پچیس ہے۔ ان اسکولوں میں داخلے کے لیے درخواست فارم جامعہ کی ویب سائٹ

(https://admission.jmi.ac.in)

پر آن لائن جمع کیے جاسکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے براہ کرم یونیورسٹی کی ویب سائٹ

www.jmi.ac.in اور

www.jmicoe.in

پر جائیں۔

بالک ماتا سینٹر کے لیے درخواست فارم پانچ مارچ دو ہزار پچیس سے جاری ہوں گے اور پچاس روپے کی فیس کے ساتھ درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ پندرہ اپریل دو ہزار پچیس رکھی گئی ہے۔ بالک ماتا سینٹر میں داخلے کے لیے درخواست فارم (ہارڈ کاپی) ٹیا محل، قصاب پورہ اور بیری والا سے حاصل کیے جاسکتے ہیں اور انھی مراکز پر جمع بھی کیے جائیں گے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی